ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((717

13-11-2022

بہاول پور() پولیس کی ماہ نومبر 2022 کے پہلے عشرے کی کارکردگی رپورٹ جاری، 135 مجرمان اشتہاری سمیت 254 ملزمان گرفتارکرلیے ، قماربازوں سے داؤ پر لگی رقم، 17 کلوگرام سے زائد چرس، 2287 لیٹر شراب، 460 لیٹرلہن اور 11 چالو بھٹیاں شراب برآمد، جرائم پر قابو پانے کے ساتھ ساتھ کمیونٹی پولیسنگ پر بھی توجہ دی جارہی ہے تاکہ عوام اور پولیس میں موجود خلیج کو دور کرکے اعتماد کی فضاء کو بحال کیا جاسکے، جرائم پر مکمل کنٹرول کرنے کے لیے شہری پولیس کا ساتھ اور جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کریں، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں بہاول پور پولیس نے مختلف کارروائیاں کرتے ہوئے درجنوں ملزمان کو گرفتار کرکے ان سے داؤ پر لگی رقم،منشیات اورغیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔پولیس نے قماربازوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 17 ملزمان کوگرفتارکرکے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی ہوئی رقم اور جواء کا سامان برآمد کرلیا۔شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے کو 45 ملزمان کوگرفتارکرکے قبضہ سے 2287 لیٹر دیسی شراب، 460 لیٹرلہن معہ 11 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں۔منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں میں 21 ملزمان کو گرفتارکر کے 17 کلو 800 گرام سے زائد چرس برآمد کر لی۔پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 33 ملزمان کوگرفتارکر کے قبضہ سے 29 عدد پسٹل 30 بور، 03 عدد رائفل ، 01 عدد بندوق برآمد کرلی۔مجرمان اشتہاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ضلع بھر کی پولیس نے کیٹگری ''A'' کے 10 اور ''B'' کے 125 سمیت 135 مجرم اشتہاریوں کوبھی گرفتارکرکے چالان عدالت کیا گیا۔گرفتارملزمان کے خلاف مقدمات درج کرلیے گئے۔ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ ضلع میں جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کرنے کا تہیہ کیا ہوا ہے،معاشرے کو ایسے عناصر سے پاک کیا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور: پولیس کی ماہ نومبر 2022 کے پہلے عشرے کی کارکردگی رپورٹ جاری،135 مجرمان اشتہاری سمیت 254 ملزمان گرفتارکرلیے، بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ ناجائز اور جواریوں سے داؤ پر لگی رقم برآمد،مقدمات درج

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((718

13-11-2022

بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر مسیحی عبادت گاہوں پر ہونے والی عبادت کے حوالے سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے سیکیورٹی پلان کے مطابق پولیس افسران کو چیک کیا، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او عبادت نثار کی ہدایت پر اتوار کے روز ہونے والے پروگرامز کے لیے مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکاران تعینات کیے گئے تھے، چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا گیا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔اس موقع پر ڈی پی او عبادت نثار نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عبادت گاہوں میں بھی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی اور امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاولپور: پولیس کے افسران اور جوان مسیحی عبادت گاہوں پر سکیورٹی ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔